Australian Government
Department of Home Affairs

اسٹوڈنٹ ویزا

کووِڈ-19 کی جانچ اور علاج

خواہ آپ کے پاس ویزا نہیں ہے، یا آپ ویزا کی حیثیت کے بارے میں غیر یقینی صورتحال سے دوچار ہیں، آپ کو صحت عامہ کی ہدایات پر عمل کرنا ضروری ہے۔ اگر آپ کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے، تو طبی امداد حاصل کریں اور کووِڈ- 19 کی جانچ کروائیں۔

ریاستی اور علاقائی حکومتیں مفت کووِڈ-19 کی جانچ اور علاج پیش کش کررہی ہیں۔

- آسٹریلیائی دارالحکومت کا خطہ
- نیو ساؤتھ ویلز
- شمالی علاقہ
- کوینز لینڈ
- جنوبی آسٹریلیا
- تسمانیہ
- وکٹوریہ
- مغربی آسٹریلیا

میرے پاس اسٹوڈنٹ ویزا ہے

اسٹوڈنٹ ویزا کے حالات کے بارے میں ایک لچکدار انداز اختیار کیا جارہا ہے جہاں کووِڈ-19 اور سفری پابندیوں نے کلاس میں حاضری یا آن لائن لرننگ کا استعمال جیسی ویزا کی شرائط پوری ہونے سے روک دیا ہے۔

اگر آسٹریلیا میں آپ کی تعلیم ختم ہو رہی ہے اور آپ آسٹریلیا سے روانگی سے قاصر ہیں، تو اسٹوڈنٹ ویزا کی میعاد ختم ہونے سے پہلے آپ کو دوسرے ویزا کے لیے درخواست دینے کی ضرورت ہے۔

آسٹریلیائی امیگریشن قانون کے تحت اسٹونڈٹ ویزے میں توسیع ممکن نہیں ہے۔

آپ کو نئے ویزا کے لیے درخواست دینے کی ضرورت ہے اگر:

- آپ اپنے آبائی ملک واپس نہیں جاسکتے ہیں اور آپ کے ویزے کی میعاد ختم ہورہی ہے یا
- آپ کو اپنا کورس مکمل کرنے کے لیے آسٹریلیا میں زیادہ وقت درکار ہے۔

اگر آپ آسٹریلیا میں تعلیم جاری رکھے ہوئے ہیں، تو آپ کو اپنے موجودہ اسٹوڈنٹ ویزے کی میعاد ختم ہونے سے چھ ہفتے قبل نئے اسٹوڈنٹ ویزے کے لیے درخواست دینا چاہیے۔

اگر آسٹریلیا میں آپ کی تعلیم ختم ہورہی ہے لیکن آپ آسٹریلیا چھوڑ نہیں سکتے ہیں، تو اسٹوڈنٹ ویزا کی میعاد ختم ہونے سے پہلے آپ کو دوسرے ویزا کے لیے درخواست دینے کی ضرورت ہے۔

آپ کے حالات کی بنیاد پر، آپ وزیٹر ویزا (ذیلی کلاس 600)کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔

ویزے کی درخواست کے عمل سے متعلق کچھ خدمات متاثر ہوسکتی ہیں اوربہت ساری خدمات غیر دستیاب ہور رہی ہیں۔ اس میں طبی معائنہ کرنے والے پینل کے ڈاکٹر، انگریزی زبان میں جانچ کی سہولیات اور بائیو میٹرک جمع کرنا شامل ہیں۔ جب تک یہ خدمات دستیاب نہیں ہیں، بہت سارے درخواست دہندگان ویزے کے تقاضوں کو پورا نہیں کرسکتے ہیں۔ طلبا کو جانچ مکمل کرانے اور درخواست کی گئی معلومات فراہم کرنے کے لیے مزید وقت دیا جائے گا۔

اگر آپ موجودہ ویزے کی میعاد ختم ہونے سے پہلے نئی درخواست دیتے ہیں، تو تمام تقاضوں کے مکمل ہونے تک آپ کو قانونی طور پر رہنے کے لیے بریجنگ ویزا موصول ہو سکتا ہے۔

اسٹوڈنٹ ویزا پر کام کرنا

اگر آپ کا کورس 'سیشن سے باہر' ہے تو

اگر آپ کے کورس کو 'سیشن سے باہر' سمجھا جاتا ہے تو آپ لامحدود گھنٹے کام کرسکتے ہیں۔ کورسز کو طے شدہ وقفوں کے دوران یا اگر طلبا نے اپنے کورس کو شیڈیول کے مطابق ختم کر لیا ہے تو 'سیشن سے باہر' سمجھا جاتا ہے۔

اگر آپ ریسرچ یا ڈاکٹریٹ کورس کے ذریعہ ماسٹرز کی تعلیم حاصل کر رہے ہیں

اگر آپ نے ریسرچ یا ڈاکٹریٹ کورس کے ذریعہ ماسٹرز کی تعلیم شروع کر دی ہے، تو آپ لامحدود گھنٹے کام کرسکتے ہیں۔

اگر آپ کا کورس مؤخر کردیا گیا ہے

اگر آپ کا کورس مؤخر ہوجاتا ہے تو آپ ہر پندرہ روزہ میں 40 گھنٹے سے زیادہ کام کرسکتے ہیں۔

اسٹوڈنٹ ویزا حاملین کے لیے اوقات کار میں عارضی رعایت

اسٹوڈنٹ ویزا حاملین کو عارضی طور پر 40 گھنٹے سے زیادہ کام کرنے کی اجازت ہے اگر وہ:

- صحت کے شعبے میں ملازم ہیں، انہوں نے صحت سے متعلق کورس میں داخلہ (جیسے نرسنگ یا میڈیسن) لیا اور صحت کے عہدیدار ان کو ہدایت کی ہے کہ وہ کووڈ-19 کے خلاف کوشش میں مدد کریں۔
- ایک منظور شدہ فراہم کنندہ یا دولت مشترکہ کے مالی اعانت سے معمر افراد کی نگہداشت کے خدمات فراہم کنندہ کے معمر افراد کی نگہداشت کے ملازم ہیں
- قومی معذوری بیمہ اسکیم فراہم کنندہ کے ملازم ہیں۔

عارضی انتظامات صرف ان شعبوں میں کام کرنے والے اسٹوڈنٹ ویزا حاملین پر لاگو ہوتے ہیں۔ دیکھیں اسٹوڈنٹ ویزا حاملین کے لیے اوقات کار میں عارضی رعایت۔

معمر افراد کی نگہداشت کی خدمت فراہم کنندگان کو مزید تفصیلات کے لیے محکمہ صحت کی فراہم کردہ مراسلت سے رجوع کرنا چاہیے۔ اندراج شدہ قومی معذوری انشورینس اسکیم فراہم کنندگان کو مزید معلومات کے لیے این ڈی آئی ایس کمیشن کے ذریعہ فراہم کردہ مراسلت سے رجوع کرنا چاہیے۔

آجران کو اب بھی آسٹریلیائی کام کی جگہ کے تمام متعلقہ قوانین کی پابندی کرنے کی ضرورت ہے بین الاقوامی طلبا کے بشمول، آسٹریلیا میں کام کی جگہ کے قانون کے تحت غیر ملکی مزدوروں کو بھی دوسرے تمام ملازمین جیسے حقوق حاصل ہیں۔

آسٹریلیائی تعلیم کے تقاضے

محکمۂ امور داخلہ تعلیمی تقاضوں کو کنٹرول نہیں کرتا ہے۔

آپ کو اپنی تعلیم فراہم کرنے والے سے رابطہ کرنا چاہیے۔

براہ کرم رجوع کریں لچکدار ترسیل سے متعلق مشترکہ TEQSA اور ASQA بیان۔

سفری پابندیوں کے نتیجے میں چھوٹ کے لیے، متاثرہ ٹیر ثانری طلبا کے لیے آن لائن تعلیم حاصل کرنے کے لیے قومی ضابطۂ اخلاق کے تقاضے دیکھیں۔

محکمہ کو مطلع کرنا

اگر آپ گھر لوٹتے ہیں، یا آپ کی تعلیم کی صورتحال تبدیل ہو جاتی ہے تو آپ کو محکمہ کو مطلع کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

آپ کا ویزا اس وقت تک درست رہتا ہے جب تک کہ آپ کسی دوسرے ویزے کی درخواست درج نہیں کراتے ہیں یا آپ کا ویزا ختم نہیں ہوتا ہے۔
اگر آپ گھر لوٹتے ہیں یا اپنی تعلیم مؤخر کرتے ہیں تو آپ کے ویزا کی حیثیت میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔

مالی مشکلات کا سامنا کرنے والے طلبا

آپ کو آسٹریلیا میں خود اپنی معاونت کرنے کے لیے خاندانی تعاون، پارٹ ٹائم کام جہاں دستیاب ہو اور اپنی بچت پر انحصار کرنے کی ترغیب دی جائے گی۔

اگر آپ خود اپنا تعاون کرنے سے قاصر ہیں، تو آپ کو اپنے معمول کے رہائشی ملک واپس جانے کا انتظام کرنا چاہیے۔ یہ تمام اسٹوڈنٹ ویزا کی شرط ہے کہ آسٹریلیا میں قیام کے دوران حاملین کے پاس آسٹریلیا میں قیام کے دورانیے میں اپنا تعاون کرنے کے لیے فنڈز تک رسائی حاصل ہے۔

وہ طلبا جو آسٹریلیا میں 12 ماہ سے زیادہ عرصے سے مقیم ہیں جو خود کو مالی پریشانی میں مبتلا پاتے ہیں تو وہ اپنے کچھ آسٹریلیائی کفالت تک رسائی حاصل کرسکیں گے۔

براہ کرم کفالت کی جلدی رسائی کرنے کے لیے آسٹریلیائی ٹیکسیشن آفس کا ویب صفحہ رجوع کریں

کووڈ-19 وبائی وقوعہ کا ویزا

اگر آپ کے اسٹوڈنٹ ویزا کی میعاد ختم ہورہی ہے، آپ فی الحال گھر واپس نہیں جاسکتے ہیں اور آپ دوسرے ویزے کے تقاضوں کو پورا نہیں کرسکتے ہیں، تو آپ عارضی سرگرمی (ذیلی کلاس 408 آسٹریلیائی حکومت کا وقوعہ کے سلسلے کا توثیق شدہ (کووڈ-19 وبائی وقوعہ کا ویزا) کے لیے اہل ہوسکتے ہیں۔

آپ کو یہ ظاہر کرنے کی ضرورت ہوگی کہ آپ دوسرے ویزا کے تقاضوں کو کیوں پورا نہیں کرسکتے ہیں۔ اس میں یہ بیان اور شواہد شامل ہوسکتے ہیں کہ آپ کے پاس مزید ویزا درخواست چارج (VAC) ادا کرنے کے قابل ہونے کے لیے خاطر خواہ فنڈز تک رسائی نہیں ہے۔